## حدیث نبوی ﷺ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "جب زنا کرنے والا زنا کرتا ہے تو زنا کے وقت اس کا ایمان نہیں رہتا اور جب چوری کرنے والا چوری کرتا ہے تو چوری کے وقت اس کا ایمان نہیں رہتا، لیکن اس کے بعد بھی توبہ کا دروازہ کھلا ہوا ہے"۔

Sunan Tirmizi 2625



لکھنؤ سے شائع ہونے والا اردو روزنامہ
لوهیانامه
URDU DAILY LOHIA NAMA LUCKNOW

# علی گڑھ کا سانحہ

ہندوستان کی سب سے بڑی ریاست اتر پردیش کے شہر علی گڑھ میں گزشتہ ہفتہ پیش آنے والا واقعہ اس زوال پذیر سیاسی اور سماجی منظرنامے کی علامت ہے جس میں نفرت، جنون اور تعصب نے نہ صرف قانون کی حکمرانی کو پامال کیا بلکہ انسانی شرافت اور ضمیر کی آخری رمق تک کو خاک میں ملا دیا۔ چار مسلمان شہری جو علی الصباح معمول کی تجارتی نقل وحمل میں مصروف تھے، ایک مشتعل اور مسلح ہجوم کے ہاتھوں نہ صرف درندگی کا شکار ہوئے بلکہ انہیں سرعام بے لباس کر کے، سڑک پر گھسیٹ کر اور لوہے کی سلاخوں سے پیٹ پیٹ کر نیم مردہ حالت میں چھوڑ دیا گیا۔ جرم؟ فقط یہ شبہ کہ وہ گاڑی میں گائے کا گوشت لے جا رہے تھے۔ جب علی گڑھ کے مضافاتی علاقے الہد پور اسٹیڈیم کے قریب ایک گاڑی کو روکا گیا تو اندر سوار چاروں افراد نے شاید سوچا بھی نہ ہوگا کہ ان کا جرم ان کا نام، ان کی شناخت اور ان کی مذہبی پہچان بن جائے گا۔ بجرنگ دل اور اکھل بھارتیہ ہندو سینا سے وابستہ تقریباً پچاس افراد کے ہجوم نے پہلے ان سے زبردستی پچاس ہزار روپے مانگے، پھر انکار پر وحشیانہ تشدد کا آغاز ہوا۔ لوہے کی سلاخیں، لاٹھیاں اور لاٹھیوں سے لیس یہ درندے سلیم، عقیل اور ان کے ساتھیوں کو گلیوں میں گھسیٹتے رہے۔ انہیں برہنہ کیا گیا، ان کی گاڑی کو آگ لگا دی گئی، ان کے موبائل اور نقدی چھین لی گئی اور خون میں ترسڑک ان کی بےبسی کا گواہ بنی۔ پولیس، جو ریاست کی اخلاقی اور قانونی بالادستی کی ضامن ہونی چاہیے تھی، مجرموں کے ساتھ کھڑی پائی گئی۔ وہ دیر سے پہنچی مگر جب پہنچی تو زخمیوں کو بچانے سے پہلے ان کے خلاف ہی ایف آئی آر درج کی۔ ان پر گائے کا گوشت لے جانے کا مقدمہ قائم ہوا۔ حالانکہ موقع پر موجود دستاویزات اور ٹرانسپورٹ پرمٹ قانونی اور مکمل تھے۔ مزید یہ کہ جب گوشت کا نمونہ جانچ کیلئے متھرا بھیجا گیا تو معلوم ہوا کہ وہ بھینس کا گوشت تھا جس پر کوئی قانونی پابندی نہیں۔

اس واقعہ کے کلیدی حملہ آور رام کمار آریہ اور ارجن عرف بھولو کی شناخت عینی شاہدین نے کی اور ان سمیت تیرہ افراد کو ایف آئی آر میں نامزد کیا گیا۔ لیکن سوال یہ ہے کہ کیا صرف ایف آئی آر اور لیبارٹری رپورٹس اس خون آشام فرقہ واریت کا جواب ہو سکتی ہیں؟ افسوس اس بات کا نہیں کہ ایک اور مسلمان ہجوم کے تشدد کا نشانہ بنا بلکہ المیہ یہ ہے کہ ایسے واقعات اب معمول بن چکے ہیں۔ دادری میں محمد اخلاق سے لے کر پہلو خان، تبریز انصاری، جنید، آصف، اکبر اور اب علی گڑھ کے یہ چار نوجوان۔ ہر بار کہانی وہی ہے، کردار بدلتے ہیں، مقامات بدلتے ہیں، لیکن ظلم کا محرک، خاموشی کا ردعمل اور قانون کا جھکاؤ ایک سا رہتا ہے۔ ہر واقعہ کے بعد وہی روایتی بیانات، وقتی گرفتاریاں پھر ضمانت پر رہائی اور قاتلوں کا ہار پہنا کر استقبال کیا جاتا ہے۔ یہ وہی نظام ہے جس میں گائے کو ماں کہا جاتا ہے اور انسان کو کچلا جاتا ہے۔ جس میں آج ذبیحہ گائے سے زیادہ بڑا جرم مسلمانوں کا وجود بن چکا ہے۔ جہاں اخلاقیات، قانون اور تہذیب سب کچھ صرف اکثریتی مزاج کی خوشنودی پر قربان کیا جارہا ہے۔ جہاں اقلیتوں کو شک کی بنیاد پر نہ صرف مارا جاتا ہے بلکہ مارنے والوں کو نجات دہندہ سمجھا جاتا ہے۔ یہ وہی ذہنیت ہے جس نے بابری مسجد کو شہید کیا، گجرات میں خون کی ندیاں بہائیں، دہلی کے فسادات میں معصوموں کو جلا کر راکھ کر دیا اور اب سڑکوں کو قتل گاہ میں بدل دیا ہے۔

ان وحشیانہ واقعات پر حکومت کی خاموشی اور اکثریتی سماج کا ضمیر کی سطح پر بے حس ہو جانا بھی ایک خطرناک فسطائی اخلاقیات کی پرورش ہے۔ فرقہ پرست تنظیمیں صرف نعرے نہیں لگاتیں بلکہ ایک مکمل نظریہ مسلط کر رہی ہیں۔ ایک ایسا نظریہ جو اقلیتوں کی شہری حیثیت کو مشکوک بناتا ہے جو شناخت، خوراک، لباس، عبادت اور کاروبار سب پر سوالیہ نشان لگا دیتا ہے۔ وہ جو ماب لنچنگ کے مناظر پر خاموش ہیں، وہ صرف مظلوم کا ساتھ نہیں چھوڑتے بلکہ اپنے جمہوری حق کو خود اپنے ہاتھوں سے قتل کرتے ہیں۔ یہی وہ وقت ہے جب معاشرہ اپنے آپ سے سوال کرے کہ کیا ہم ایک ایسے ہندوستان میں جی رہے ہیں جہاں شک کی بنیاد پر موت دی جاتی ہے؟ کیا "وشوگرو" بننے کی خواہش رکھنے والا ملک اپنے شہریوں کو بنیادی تحفظ بھی نہیں دے سکتا؟ کیا ایک ریاستی ڈھانچہ صرف اس لیے موجود ہے کہ وہ اکثریتی جنونیت کو قانونی تحفظ دے اور اقلیتوں کے زخموں پر نمک چھڑکے؟ اگر جواب نفی میں ہے تو پھر خاموشی جرم ہے اور اگر جواب اثبات میں ہے تو ہمیں مان لینا ہوگا کہ ہم جمہوریہ نہیں ہجوم راج میں جی رہے ہیں۔ علی گڑھ کا یہ سانحہ محض ایک واقعہ نہیں بلکہ ایک آئینہ ہے جس میں ہمارے عہد کا سب سے بھیانک چہرہ صاف دکھائی دیتا ہے۔ وہ چہرہ جو عدالت کی جگہ لاٹھی، آئین کی جگہ ہجوم، انصاف کی جگہ افواہ اور شہری وقار کی جگہ مذہبی تعصب کو رکھ چکا ہے۔

# مسلم دانشوروں پر بھی اب کراک ڈاؤن



ناظم الدین فاروقی، سینئر مبصر

مسلمانان ہند فرقہ واریت کے زہر آلود ماحول و اسلاموفوبیا سے سخت پریشان ہیں۔ عام شہریوں پر لنچنگ زدوکوب پبلک ٹرانسپورٹ میں ذلت آمیز سلوک' مسلم بستیوں میں گھر بار' مساجد مدارس اور درگاہوں کے لا متناہی بلڈوز کی تباہ کاریوں سے مسلمان ابھی سانس بھی نہیں لینے پائے تھے کہ ہندوتوا طاقتوں نے جامعات و یونیورسٹیوں میں بےقصور مسلم پروفیسرس' لیکچررس اور اعلیٰ تعلیم یافتہ مسلمانوں پر کراک ڈاؤن شروع کردیا۔ مسلم طلباء اور لیکچررس پر طرح طرح سے ظلم وزیادتیاں کئے جارہے ہیں۔ حال ہی میں ہوئے واقعات کا جائزہ لیں تو پتہ چلتا ہے کہ زعفرانی تحریکات نے مسلمانوں کو کہاں لا کھڑا کردیا ہے۔ RSS کے سنچالکوں اور کارکرتاؤں نے صنعتوں' چھوٹے بڑے تجارتی اداروں کے علاوہ ملک کے 900 جامعات اور ہزاروں کالجس کو راست اپنی گرفت میں لے رکھا ہے۔ یونیورسٹیوں میں جو کچھ لیکچرار اور پروفیسرس کو حریت فکر اور سوچ ونظریات کی آزادیاں حاصل تھیں وہ NEP-20 کے ذریعہ سب کھینچ لی گئیں۔ ملک کی قومی تعلیمی پالیسی RSS کے نظریات کی محصور ہوچکی ہے۔ ریسرچ اور ڈاکٹریٹ میں دلت' بچھڑے ہوئے طبقات اور مسلمانوں کو منصوبہ بند طریقہ سے داخلہ پر روک لگائی جارہی ہے۔ ان کی اسکالرشپ بند کی جارہی ہے غیر اہم مضامین کے شعبہ جات میں زبردستی منتقل کیا جارہا ہے۔ بلکہ جاری کورس کے دوران انہیں معطل بھی کردیا جارہا ہے۔

ایسا لگتا ہے کہ مسلمان لیکچررس و پروفیسرس حتیٰ کہ ہیڈ آف ڈپارٹمنٹ تک ہزاروں ہیومن لنس آنکھ لگائے ہوئے ہیں۔ مسلم پروفیسرس' لیکچررس' طلباء کے پیچھے خفیہ طور پر ABVP اور SSR کے کاری کرتا لمحہ لمحہ کی مخبری اپنے سنچالکوں اور اعلیٰ حکام تک کر رہے ہیں۔ چھینک اور کھانسی پر بھی پولیس میں شکایت درج کی جارہی ہیں۔

پروفیسر علی خان محمود آباد' اشوکا یونیورسٹی سونی پت ہریانہ کے پولیٹیکل سائنس ڈپارٹمنٹ کے صدر ہیں۔ انتہائی قابل مضبوط سیاسی نظریات کے حامل ملک کے معروف دانشوران میں ان کا شمار ہوتا ہے۔ شخصی طور پر ایک نامور خاندان کے بیٹے اور پوتے ہیں۔ ان کے دادا' محمود آباد کے راجہ تھے والد حبیب خان محبوبہ مفتی کی حکومت میں وزیر رہ چکے ہیں۔ ہمہ لسانی صلاحیتوں کے ساتھ ان کے لیکچررس میں گہرائی وگیرائی وعقل ودانش کی باتیں ہوتیں ہیں۔ انہوں نے اپنے فیس بک اکاؤنٹ پر آپریشن سندور کو لے کر دو مختصر مضمون پوسٹ کئے تھے۔ جو تین حصوں پر مشتمل ہے پہلے تو انہوں نے ہندوستان آپریشن سندور کی تعریف کی "پھر لکھا کہ جو لوگ جنگ کی تائید کر رہے ہیں وہ اس کی تباہ کاریوں سے واقف نہیں ہیں۔ ان لوگوں سے پوچھو جو متنازعہ علاقے میں متاثر ہو رہے ہیں۔ سڑکوں پر ماک ڈرل کرنے سے جنگ لڑنے کی تربیت حاصل نہیں ہوتی۔ پھر انہوں نے لکھا جو سیاسی تنازعات ہیں وہ کبھی فوجی طاقت کے بل بوتے پر حاصل نہیں کئے جاسکتے۔ تیسرے پیراگراف میں لکھا کہ ہماری فوج کے دو خاتون ترجمانوں کے ذریعہ پریس کانفرنس کو مخاطب کیا گیا یہ بڑی خوش آئند بات ہے کہ بی جے پی کی بیسٹ مانگرنگ ٹیم کرنل صوفیہ قریشی کی سوشل میڈیا پر بڑھا چڑھا کر تعریف کر رہی ہے۔ یہ سب ٹھیک ہے لیکن کیا یہ بیانہ Narrative ملک کی حقیقی صورتحال کی غمازی کرتی ہیں۔ انہوں نے لکھا کہ یہ دوہرا معیار ہے کہ گودی میڈیا کی آرمی کیوں غریب مسلمانوں کے گھربار کو بلڈوز کیا جارہا ہے اور لنچنگ کی جارہی ہے۔ اس پر روک لگانے کے لئے میڈیا کی مہم نہیں چلاتے!

میرے نزدیک (کرنل صوفیہ قریشی) کی پریس کانفرنس صرف ایک دکھاوا اور دنیا کو بے وقوف بنانے کے لئے اپنائی گئی ٹرک چلائی گئی۔ آج جو میدان میں صورت حال ہے وہ افسوسناک ہے۔ عام مسلمان جن مصائب و مظالم کا شکار ہے۔ حکومت جو دنیا کو بتانا چاہ رہی ہے وہ حقیقت سے بالکل بعید اور مختلف ہے۔ وغیرہ۔"

اس پوسٹ پر RSS/بی جے پی ٹرول آرمی آپے سے باہر ہوگئی اور رینو بھاٹیا چیر پرسن ہریانہ ویمنس اینڈ چلڈرنس کمیٹی نے پروفیسر علی خان محمود آباد کے خلاف پولیس میں شکایت درج کروائی۔ 18 مئی کو ڈاکٹر علی خان محمود آباد کو گرفتار کرلیا گیا۔ ہریانہ ہائی کورٹ نے انہیں جوڈیشل کسٹڈی میں لینے کا حکم دیا۔ اشوکا یونیورسٹی کے اسٹاف اور ہجان (اعلیٰ ترین' شریف النفس) نے ڈاکٹر علی خان کی تائید میں رہائی کے لئے معاملہ کو سپریم کورٹ سے رجوع کیا۔ جسٹس سوریا کانت اور جسٹس ٹونا میکایم کوٹیشورسنگھ کی ڈبل بنچ پر 21/مئی کو رہائی کا حکم 132450/2025 صادر کیا گیا۔ سپریم کورٹ کے ڈبل بنچ کا یہ رہائی کا فیصلہ 3 صفحات اور 7 نکات پر مشتمل ہے۔ حیرت انگیز طور پر اس معمولی مقدمہ میں جسٹس صاحبان نے اپنی نفرت اور ناراضگی کا اظہار کرتے ہوئے پروفیسر علی خان کے خلاف نفرت آمیز ریمارکس کئے ہیں آزاد ہندوستان کی عدلیہ کی تاریخ میں کبھی ایسی سخت زبان ملک کے سپریم کورٹ کے جسٹس صاحبان نے استعمال نہیں کیا' اور کہا کہ ڈاکٹر علی خان نے اپنے پوسٹ میں دوہری زبان کا استعمال کیا ہے۔ سستی شہرت کے لئے گھٹیا مضمون لکھا۔ اس کا گہرائی سے جائزہ لینے کی ضرورت ہے۔ ایک بڑی سازش میں ملوث کرنے کرنے 'ایک نیا بنچ جسٹس صاحبان اختیار کرنے اور ایک جانب سپریم کورٹ سے جہاں حراست سے رہائی کے ذریعہ راحت دی گئی وہیں ان کے پوسٹ کو خود جسٹس صاحبان نے انتہائی مشکوک ظاہر کرنے کی کوشش کی۔ ڈائریکٹر جنرل آف پولیس ہریانہ کو حکم دیا گیا کہ وہ تین قابل IPS عہدیداروں کی اسپیشل انوسٹگیشن ٹیم SIT تحقیقاتی ٹیم کو فوری تشکیل دے کر پروفیسر علی کے مضمون کے مواد کا گہرائی سے جائزہ لے اور اس میں لازمی طور پر ایک خاتون IPS آفیسر بھی ہو۔ رہائی کے لئے جسٹس صاحبان نے تین شرائط بھی رکھ دیں۔ ایک تو ڈاکٹر علی خان سوشل میڈیا پر کوئی ریمارک اور مضمون پوسٹ نہیں کریں گے۔ دوسرے کسی مقام اور پریس میں مخاطب نہیں کریں گے اور تیسرے یہ کہ جوڈیشل مجسٹریٹ کے پاس اپنا پاسپورٹ رکھادیں گے۔



جسٹس صاحبان نے مزید اپنے فیصلہ میں لکھا جیسے کہ یہ کوئی ملک اور قوم کے خلاف یا دستور ہند کے منافی تحریر ہے۔ سپریم کورٹ نے انتہائی حقارت آمیز لفظ کا استعمال کرتے ہوئے یہ بھی اپنے فیصلہ میں لکھا کہ (Dog whistling) اشارتی زبان و چھپا ہوا پیغام کے طور پر ملزم نے اپنے تحریر میں مواد شامل کیا ہے۔ جسٹس صاحبان نے کہا کہ سستی شہرت کے لئے کیوں اس طرح اپنے پوسٹ کا استعمال کر رہے ہو پھر کہا کہ دوسروں اور مخالف پارٹی کی اہانت کرنے ' انہیں ذلیل کرنے اور پریشان کرنے کے لئے اس طرح کے سوشل میڈیا پوسٹ کر رہے ہو وہ ایک اعلیٰ تعلیم یافتہ شخص ان کے پاس کیا اظہار خیال کے لئے اس طرح کے الفاظ کے علاوہ بہتر انداز مخاطب نہیں ہو سکتا تھا۔ وغیرہ۔

جب گودی میڈیا میں ویمنس کمیشن کے چیر پرسن Renu Bhatia سے انٹریو میں بار بار پوچھا گیا کہ پروفیسر علی کے پوسٹ میں ایسی کونسی لائن اور کونسا پیراگراف ملک کے خلاف تھا جس پر آپ نے پولیس میں شکایت درج کروائی تو وہ جواب دینے سے قاصر تھیں۔ اسی طرح ملک کا سیکولر میڈیا متحدہ طور پر آزادی اظہار خیال کی تائید میں پروفیسر علی خان کو اپنا مکمل پیشہ وارانہ اور پھر اخلاقی تعاون دے رہے ہیں سیکولر ہندوستان مضبوطی سے ان کے ساتھ کھڑا ہوا ہے۔

حکومت اور سپریم کورٹ کے رویہ کے کئی حلقوں سے بھرپور مذمت کی جاتی رہی۔ سب کا یہ خیال تھا کہ یہ محض مسلمان پروفیسر ہونے کی وجہ سے ڈاکٹر علی خان کو تختہ مشق بنایا گیا اور سپریم کورٹ سے ایسی توقع کسی تعلیم یافتہ شہری کو ہو نہیں سکتی جو بجائے حکومت اور پولیس کی سرزنش کرنے کے الٹا بے قصور شہری پر ایک خطرناک مجرم کی طرح 3 آئی ایس آفیسرس کی SIT ٹیم کو تشکیل دینے کا حکم دیا جس میں ایک خاتون IPS کا ہونا ضروری قرار دیا گیا۔ نہ صرف یہ بلکہ اس کی نگرانی کا کام انسپکٹر جنرل IG پولیس کو دیا گیا۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ نہ ہمارے تعلیمی ادارے اور نہ ہی ہمارا انتظامیہ و عدلیہ زعفرانی نظریات اور گرفت سے آزاد ہے۔ ملک کا دانشور طبقہ' سیکولر صحافی و سماجی جہد کار سیاستداں سب سپریم کورٹ کے رویہ اور ڈاکٹر علی کی اس طرح اہانت آمیز سرزنش پر حیرت زدہ ہیں۔ دوسری جانب اپنے وزراء اور رہنماؤں کے ساتھ حکومت کا رویہ ملاحظہ فرمائے کہ مدھیہ پردیش کے بی جے پی کے وزیر وجئے شاہ نے جو کرنل صوفیہ قریشی کے خلاف نفرت آمیز باتیں اپنی تقریر میں کہیں تھیں جس پر کوئی FIR نہیں ہوا۔ پھر مدھیہ پردیش ہائی کورٹ از خود سے یہ حکمنامہ جاری کرنا پڑا کہ وجئے شاہ کے خلاف مقدمہ درج کیا جائے اور انہیں گرفتار کیا جائے۔ حیرت تو اس بات پر ہے کہ اب اس میں سپریم کورٹ نے مداخلت کرتے ہوئے وجئے شاہ کے خلاف مقدمہ پر روک لگانے کا حکم جاری کردیا ہے۔ وجئے شاہ کو مرکزی اور ریاستی حکومت مسلسل گرفتاری سے بچا رہی ہے وہ محفوظ مقام پر روپوش ہے اور بی جے پی نے ماسٹر اسٹروک کے طور پر سپریم کورٹ سے ہی اپنے وزیر کے لئے راحت حاصل کرلی۔

نہ صرف غریب مسلمانوں پر سڑکوں' بسوں' ٹرینوں اور عوامی مقامات پر حملے عام بات ہو چکی ہیں بلکہ اعلیٰ تعلیم یافتہ مسلمانوں کے خلاف ایک زعفرانی ہندوتوا خفیہ منصوبہ کے تحت خاموشی سے اس طرح سے کاروائیاں کی جارہی ہیں۔ قارئین کی یاد دہانی کے لئے عرض ہے کہ OP Jindal Global University کی پروفیسر سمینہ دہلوی کے خلاف طلباء کے نجی معاملات میں دخل دینے اور انہیں تنگ کرنے کے خلاف پولیس میں 25/ڈسمبر 2023 کو اسی طرح FIR درج کی گئی تھی اس وقت بھی یونیورسٹی میں بعض بدماش اسٹاف اور یہی ہریانہ ویمنس اینڈ چلڈرنس کمیشن نے پولیس میں شکایت درج کروائی تھی۔ جھوٹے لغو الزامات میں سمینہ دہلوی کو پھانسا گیا۔ انتہائی ذہین' قابل ترین مسلم خاتون پروفیسر سے تمام ہندوتوا اسٹاف اور متعصب طلباء کو بلاوجہ حسد بغض تھا اور سب نے اجتماعی طور پر سمینہ دہلوی کو سزا دینے کی خاطر یہ شرارت کی تھی۔ اس وقت ہمارے لیکچررس' پروفیسرس اور ریسرچ اسکالرس سرکاری اور پرائیویٹ یونیورسٹیوں میں شدید نفرت زہر آلود ماحول اور اشتعال انگیزی کا سامنا کر رہے ہیں۔ ٹیچرس' لیکچررس پر بھی الزام لگایا جارہا ہے کہ ٹفن میں گائے کا گوشت لاتے ہیں' کہیں لیڈی ٹیچر پر کبھی یہ الزام لگاتا ہے کہ وہ اسکارف کے لئے سختی کرتی ہے۔ کہیں انہیں محض اس لئے معطل کیا جارہا ہے کہ وہ کالج اور یونیورسٹی کے کسی کونے میں ظہر کی نماز ادا کر رہے ہوں۔ ایسے واقعات میں بھی دن بہ دن اضافہ ہی ہوتا جارہا ہے۔

ڈاکٹر رتن لعل دہلی یونیورسٹی کے ایک پروفیسر ہیں انہوں نے کہا کہ پوری HRD منسٹری کو RSS نے راست اپنے تحت لے لیا ہے جس کی وجہ سے یونیورسٹیوں اور تعلیمی میدان میں دلتوں و مسلمانوں کے ساتھ بڑی ہی نفرت آمیز انتقامی کاروائیاں کی جارہی ہیں ان میں خوف پیدا کرتے ہوئے ان پر روک لگائی جارہی ہے۔ علاقائی اور مقامی سطح پر کارسیوکوں اور بھگتوں کو اسی کام پر لگادیا گیا ہے۔ میگھالیہ یونیورسٹی کے وائس چانسلر جناب محبوب الحق کو مارچ میں گرفتار کیا گیا تھا اس سے پہلے جودھ پور مولانا آزاد یونیورسٹی کے چیرمین' رجسٹرار اور تین عہدیداروں کو فروری 25 میں گرفتار کیا گیا تھا۔ چاہے چھوٹے مدرسے ہوں یا بڑے عصری تعلیمی ادارے یا ان کے ٹیچرس و لیکچررس ہر کوئی زعفرانی قوتوں کے آنکھوں میں کھٹک رہے ہیں۔ مسلمانوں کے درمیان کسی بھی تعلیمی سرگرمیوں کو اپنے لئے چیالنج سمجھ بیٹھے ہیں۔ ان کی طویل مدتی پالیسی ہے کہ تعلیمی میدان سے تعلق رکھنے والے ہر فرد اور ادارہ کو اتنا خائف کردو کہ وہ پھر تعلیمی سرگرمیوں اور جدوجہد کی سمت ہمت نہ کرسکے اور مسلمان اعلیٰ پروفیشنل ماڈرن تعلیم یافتہ طبقے کو پیچھے ڈھکیلتے ہوئے چاپلوسوں کی ایک سوسائٹی بن جائے۔

وقفہ وقفہ سے مودی حکومت یہ اعلانات کرتی ہے کہ ہم غریب مسلمانوں کی فلاح اور مسلم خواتین کی ترقی کے لئے اپنی پالیسیاں بنائے ہیں جبکہ حقیقت یہ ہے کہ مولانا آزاد فائونڈیشن سے لڑکیوں کو جاری ہونے والی اسکالر شپ بند کردی گئی ہے۔ اور مسلمانوں کو دی جانے والی تعلیمی امداد بھی گھٹا کر نصف سے بھی کم کردی گئی ہے۔ پھر ڈنکے بجائے جاتے ہیں کہ ہم غریب مسلمانوں کی ترقی کے لئے کام کرتے ہیں وغیرہ۔

حکومت کے خاموش عملی اقدامات نے یہ ثابت کردیا ہے کہ بی جے پی حکومت مسلمانوں کے درمیان جہالت کو فروغ دیتے ہوئے غربت بانٹنے میں کوئی کسر باقی نہیں رکھی ہے۔ یہاں مسئلہ ہماری ملی سیاسی قیادت کا بھی ہے۔ جب عام مسلمانوں پر مظالم ہوتے ہیں تو ان کی لنچنگ ہوتی ہے یا ان پر پولیس انتظامیہ کی جانب سے زیادتی پر زیادتیاں کی جاتیں ہیں۔ ہماری مدرسہ اور ملی قیادت خاموش تماشہ بین بنی بیٹھی رہتی ہے۔ کیا یہ ملی دینی جماعتوں اور رہنماؤں کی ذمہ داری نہیں ہے کہ زندگی کے مختلف میدانوں میں مسلمانوں کی نمائندگی کرنے والوں کے ساتھ جو فرقہ وارانہ زہر آلود بدترین سلوک اور کراک ڈاؤن ہو رہے ہیں اس کے خلاف ڈٹ کر کھڑے ہوں۔ اگر یہ نہ کرسکیں تو پھر وہ دن دور نہیں کہ مسلمان یہ مدرسہ دینی قیادت جو زبردستی مسلمانوں پر مسلط ہے اس سے نجات حاصل کرلے گی اور اپنے مسائل کو خود بہتر طور پر حل کرنے کے لئے راہیں تلاش کرلے گی اور انہیں احساس دلانے کے لئے کہ میرے ساتھ میرے اپنے کوئی نہیں تو کم از کم اس ظلم کے خلاف لڑائی میں کھڑی ہوتی ہے۔

# فوج کی حوصلہ شکنی کی کوششیں شرمناک



سراج نقوی

شہیدوں اور فوج کی خلاف تازہ بیان بی جے پی لیڈر رنویر سنگھ پٹھانیہ کا ہے۔ یہ شخص نہ صرف جموں و کشمیر کے ادھم پور (مغرب) سے بی جے پی کا رکن اسمبلی ہے بلکہ پارٹی کا ترجمان بھی ہے۔ شاید اسی لیے انھیں اپنی زبان پر قابو نہیں ہے۔ بی جے پی میں ایسے ترجمانوں کی کمی نہیں ہے کہ جو جو میڈیا کے سامنے اور سیاسی مباحثوں میں اس حدتک بے قابو ہو جاتے ہیں کہ ادب ولحاظ اور میڈیا کے سامنے لب کشائی کے لیے ضروری پروٹوکول کو بھی بالائے طاق رکھ دیتے ہیں۔ بہرحال جموں و کشمیر کے ان رکن اسمبلی اور پارٹی ترجمان نے اپنے ایک حالیہ بیان میں کہا ہے کہ "آپریشن سندور کے دوران انڈین ایئر فورس کے جوان سو رہے تھے۔" پٹھانیہ نے یہ بھی کہا کہ "ہمارا قصور یہ ہے کہ ہم نے انھیں پلکوں پر بٹھا رکھا ہے۔" پٹھانیہ کا یہ بیان سراسر انڈین ایئر فورس کی توہین اور اس کی حوصلہ شکنی کے مترادف ہے۔

پہلگام دہشت گردانہ حملے کے بعد سے بی جے پی کے کئی لیڈروں نے جس طرح ہندو مسلم بڑھانے والے بیان دیے۔ کرنل صوفیہ قریشی پر مدھیہ پردیش کے ایک بدزبان وزیر اجے شاہ نے رکیک زبانی حملہ کرتے ہوئے انھیں "دہشت گردوں کی بہن" بتایا اسے دوہرانے کی ضرورت نہیں۔ اس بے لگام وزیر پر عدلیہ نے بھلے ہی سخت موقف اختیار کیا ہو لیکن تادم تحریر کسی 'سنسکاری بی جے پی لیڈر' کا کوئی ایسا بیان سامنے نہیں آیا ہے کہ جس سے واضح ہوتا کہ پارٹی کی اعلیٰ قیادت یا ریاست کی بی جے پی حکومت اپنے بے لگام وزیر کے بیان پر شرمندہ ہے اور اس کے خلاف کارروائی کے نام پر کم ازکم تنبیہ کرنے کا بھی ارادہ رکھتی ہے۔ یہ وزیر صوفیہ قریشی کی توہین کے باوجود ابھی تک وزیر ہے، اور اس سے پارٹی یا حکومت نے اس معاملے میں وضاحت تک طلب کرنے کی ضرورت نہیں سمجھی۔ پہلگام حملے میں جان گنوانے والے ونے نروال کا معاملہ بھی سب کے سامنے ہے۔ نروال کی بیوی نے شوہر کی شہادت کے باوجود پہلگام حملے کے بہانے مسلمانوں کو نشانہ بنانے کے واقعات کے خلاف بولتے ہوئے صرف یہ کہا تھا کہ انھیں 'صرف انصاف چاہیے اور وہ ہندو مسلم منافرت نہیں چاہتیں'۔ لیکن ونے نروال کی اہلیہ کے اس بیان پر 'دیش بھکت' اس قدر چراغ پا ہوئے کہ انھوں سوشل میڈیا پر انھیں بری طرح ٹرول کرکے اپنی اوقات بتا دی۔ بی جے پی لیڈروں کی اس معاملے میں بدزبانی میں نیا باب جوڑتے ہوئے پارٹی کے راجیہ سبھا رکن رام چندر جنگاڑا نے بیان دیا کہ 'پہلگام حملے میں اپنے شوہروں کو کھونے والی خواتین میں "ویرانگنا (بہادر خواتین) کا جذبہ، جوش اور دل کی کمی تھی'۔ جنگڑا شاید چاہتے تھے کہ پہلگام میں دہشت گردوں کا مقابلہ مرنے والے افراد کی خواتین کرتیں۔ یہ نہایت کم عقلی اور دوسروں کے درد و مجبوری کو محسوس نہ کرنے والے مزاج کی عکاسی کرنے والا بیان ہے۔ حملے میں شہید ہونے والوں کی اس بیان سے دل آزاری ہی ہوئی ہوگی، لیکن بی جے پی لیڈروں کو اس سے کیا غرض؟ اقتدار میں ہونے کا مطلب اس پارٹی کے لوگ بے لگام بکواس کا حق مانتے ہیں۔ حالانکہ جنگڑا نے بعد میں اس بیان کے لیے معافی مانگی۔ لیکن معاملہ یہاں پر بھی وہی رہا کہ پارٹی قیادت نے اس معاملے پر ان سے جواب طلب کرنے کی ضرورت بھی محسوس نہیں کی۔ صرف یہ کہا کہ جنگڑا کا بیان ان کی ذاتی رائے ہے، اور پارٹی کا اس سے کوئی تعلق نہیں۔

شہیدوں اور فوج کی خلاف تازہ بیان بی جے پی لیڈر رنویر سنگھ پٹھانیہ کا ہے۔ یہ شخص نہ صرف جموں و کشمیر کے ادھم پور (مغرب) سے بی جے پی کا رکن اسمبلی ہے بلکہ پارٹی کا ترجمان بھی ہے۔ شاید اسی لیے انھیں اپنی زبان پر قابو نہیں ہے۔ بی جے پی میں ایسے ترجمانوں کی کمی نہیں ہے کہ جو جو میڈیا کے سامنے اور سیاسی مباحثوں میں اس حدتک بے قابو ہو جاتے ہیں کہ ادب ولحاظ اور میڈیا کے سامنے لب کشائی کے لیے ضروری پروٹوکول کو بھی بالائے طاق رکھ دیتے ہیں۔ بہرحال جموں و کشمیر کے ان رکن اسمبلی اور پارٹی ترجمان نے اپنے ایک حالیہ بیان میں کہا ہے کہ "آپریشن سندور کے دوران انڈین ایئر فورس کے جوان سو رہے تھے۔" پٹھانیہ نے یہ بھی کہا کہ "ہمارا قصور یہ ہے کہ ہم نے انھیں پلکوں پر بٹھا رکھا ہے۔" پٹھانیہ کا یہ بیان سراسر انڈین ایئرفورس کی توہین اور اس کی حوصلہ شکنی کے مترادف ہے۔ یہ انتہائی شرمناک ہے کہ ایک طرف تو بی جے پی کی مرکز مودی حکومت آپریشن سندور کا کریڈٹ لینے کے لیے پوری مہم چلا رہی ہے۔ اپنی فوج کی شجاعت کی تعریف اور اس معاملے میں فوج کو دیے گئے مبینہ "فری ہینڈ" کا بار بار ذکر کر رہی ہے، دوسری طرف حکمراں جماعت کا کشمیر سے تعلق رکھنے والا ایک رکن اسمبلی اور پارٹی ترجمان یہ دعویٰ کر رہا ہے کہ آپریشن سندور کے وقت ہماری فضائیہ کے جوان سو رہے تھے۔ سوال یہ ہے کہ اگر ہماری فضائیہ کے جوان اپریشن سندور کے وقت سو رہے تھے تو پھر آپریشن کس نے انجام دیا؟ کیا بی جے پی کے 'اندھ بھکت' اور سوشل میڈیا کے بہادر اس آپریشن کو انجام دے رہے تھے؟ کیا حکومت نے سنگھ کے ان کارکنوں کو اس آپریشن کو انجام دینے کے لیے بھیجا تھا کہ جن کے تعلق سے موہن بھاگوت کافی پہلے یہ دعویٰ کر چکے ہیں کہ سنگھ کے سوئم سیوک ضرورت پڑنے پر محاذ جنگ پر جانے کے لیے تیار ہیں۔ اگر فضائیہ کے جوان آپریشن سندور کے وقت سو رہے تھے تو پٹھانیہ کو بتانا چاہیے کہ پھر اس آپریشن کو کس نے انجام دیا؟

دوسری بات یہ کہ مذکورہ آپریشن کے دوران فضائیہ کے جوان کیا کر رہے تھے یہ عوامی بحث کا موضوع نہیں بلکہ خفیہ اطلاعات کا حصہ ہے۔ یہ خفیہ اطلاعات پٹھانیہ کو کہاں سے موصول ہوئیں کہ جس میں فضائیہ کے جوانوں کے بارے میں مذکورہ اطلاعات دی گئی تھیں؟ معمولی باتوں پر مسلم دانشوروں، سیاست دانوں، حکومت کے خلاف لب کشائی کا حوصلہ دکھانے والے دیگر لوگوں کو جس حکومت کے زیر کنٹرول پولیس کے ذریعہ ملک دشمنی اور ملک کی سا لمیت کے لیے خطرہ بتا کر گرفتار کرلیا جاتا ہو اس حکومت میں اگر کوئی رکن اسمبلی آپریشن سندور کے دوران فضائیہ کے جوانوں کی سرگرمیوں کے بارے میں کوئی متنازعہ بیان دے رہا ہے تو اسے ابھی تک گرفتار کرکے یہ کیوں نہیں پوچھا جارہا کہ فوجی جوانوں کی مبینہ بے عملی کی اطلاع اسے کس نے دی؟ اور یہ اطلاع ملنے پر اس نے اسے قومی مفاد میں خفیہ کیوں نہیں رکھا؟ اس لیے کہ اس سے عوام میں اپنی فوج کے خلاف ناراضگی کا اندیشہ تھا اور فوج کی اس طرح کے بے بنیاد بیانوں سے حوصلہ شکنی ہوتی ہے۔

پٹھانیہ ایئرفورس پر مذکورہ الزام لگا کر ہی خاموش نہیں ہوئے، بلکہ انھوں نے اس الزام کے ساتھ ساتھ یہ بھی کہا کہ "ہمارا قصور ہے کہ ہم نے انھیں پلکوں پر بٹھا رکھا ہے۔" پٹھانیہ جیسے لوگ کس طرح اپنے ملک کی فوجوں کو پلکوں پر بٹھاتے ہیں اس کا ثبوت تو خود ان کا مذکورہ بیان ہی ہے۔ فوج کو جس طرح 'اگنی ویر منصوبہ' نافذ کر کے اسے پلکوں پر بٹھایا گیا اس سے کون واقف نہیں۔ اب یہ سوال لاحاصل ہے کہ فوج اور سابق فوجیوں کی بڑی تعداد اس منصوبے کے حق میں تھی یا نہیں۔ بہرحال موضوع بحث اگنی ویر منصوبہ نہیں بلکہ پٹھانیہ کا مذکورہ بیان ہے۔ اگر واقعی پٹھانیہ جیسے لوگ فوج کو پلکوں پر بٹھانے والے ہوتے تو ایئرفورس پر مذکورہ الزام لگانے سے پہلے سو مرتبہ سوچتے اور پارٹی قیادت سے اس کی اجازت لیکر بولتے۔ پٹھانیہ اس معاملے کو میڈیا میں اٹھانے کی بجائے کسی ایسے مناسب پلیٹ فارم پر بھی لے جاسکتے تھے کہ جہاں نہ تو ایئر فورس کی حوصلہ شکنی ہوتی اور آپریشن سندور کے دوران مبینہ لاپرواہی برتنے والے فوجیوں سے بھی مناسب قوانین کے تحت جواب طلبی ہوتی۔ لیکن ایسا کرنے سے پٹھانیہ کو میڈیا میں بدنامی کے راستے مشہور ہونے کا موقع کیسے ملتا؟ دراصل پٹھانیہ اور ان کی پارٹی لیڈروں کی ایک بڑی تعداد ایسے لوگوں پر مشتمل ہے کہ جنھیں ان کے مثبت کارناموں کے سبب کم اور متنازعہ بیانات کے سبب زیادہ لوگ جانتے ہیں۔ ان لوگوں کو اس بات کی قطعی پرواہ نہیں کہ ایسے بیانات ہمارے آئینی اداروں، ہمارے نوکرشاہوں یا ہماری فوج پر کیا اثر ڈالتے ہیں۔ پٹھانیہ کا مذکورہ بیان بھی اسی زمرے میں آتا ہے۔ جب پارٹی میں متنازعہ بیانات دینے کا 'کلچر' عام ہو تو پھر یہ امید لاحاصل ہے کہ پٹھانیہ سے ان کے مذکورہ بیان پر کوئی جواب طلب کیا جائیگا، یا ان کے خلاف کوئی تادیبی کارروائی اس الزام کے تحت کی جائیگی کہ ان کے بیان سے ہماری فضائیہ کی حوصلہ شکنی ہوئی ہے۔

naqvisiraj58@gmail.com
Mobile:9811602330

